# 12-11-2024 TUESDAY URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

## سرخیاں

......بی آر ایس پارٹی کے کارگذار صدر کے ٹی راما راو نے وزیر اعظم نریندر مودی سے مطالبہ کیا ہے کہ ریاست تلنگانہ میں امرت اسکیم ٹینڈر اسکنڈل میں کاروائی کریں۔

......تلنگانہ ایمپلائز جوائنٹ ایکشن کمیٹی۔ کے ارکان نے آج حیدرآباد میں ڈائریکٹر جنرل آف پولیس ڈاکٹر جتیندر سے ملاقات کی اور کل ضلع وقارآباد میں کلکٹر پرتیک جین اور دیگر عہدیداروں پر پیش آئے حملے کے واقعات کی شکایت اور ضروری کاروائی پر زور دیا

......مرکزی وزیر تعلیم دھرمیندر پردھان نے آج کہا کہ تعلیم ہی سال دو ہزار سینتالیس تک ملک کو ترقیافتہ بنانے کے ہدف کو حاصل کرنے کا واحد اور موثر ذریعہ ہے۔

......ملک میں براہ راست ٹیکس کی مجموعی وصولی 15.41 فیصد رہی۔ اس مالی سال میں اب تک کی شرح نمو 12 لاکھ 10 ہزار کروڑ روپئے سے تجاویز کر گئی ہے۔

KTR

بی آر ایس پارٹی کے کارگذار صدر کے ٹی راما راو نے وزیر اعظم نریندر مودی سے مطالبہ کیا ہے کہ ریاست تلنگانہ میں امرت اسکیم ٹینڈر اسکنڈل میں کاروائی کریں۔ آج نئی دہلی میں پریس کانفرنس کو مخاطب کرتے ہوئے کے ٹی راما راو نے کہا کہ مسلسل الزامات کے باوجود نریندر مودی نے تلنگانہ میں کانگریس حکومت کی بدعنوانیوں کو روکنے کے لئے کوئی اقدامات نہیں کئے ہیں۔ انہوں نے وزیر اعظم سے مطالبہ کیا کہ وہ امرت ٹینڈرس میں بدعنوانیوں کے الزامات کو دور کرنے کے لئے فوری اقدامات کریں۔ کیونکہ ان کی پارٹی کی جانب سے مرکزی حکومت کو ٹھوس ثبوت پہلے ہی پیش کیا جا چکے ہیں۔ کے ٹی آر اور بی آر ایس پارٹی کے ارکان پارلیمنٹ کی قیادت میں ایک وفد نے کل دہلی میں وزیر شہری ترقیات منوہر لال کٹھر سے ملاقات کی اور جانچ کرانے اور ان ٹینڈرس کی منسوخی کے لئے نمائندگی کیی۔ کے ٹی آر نے بتایا کہ مرکزی وزیر منوہر لال کٹھر نے فوری اقدامات کرنے کا تیقن دیا ہے۔

TGEJAC

تلنگانہ ایمپلائز جوائنٹ ایکشن کمیٹی۔ کے ارکان نے آج حیدرآباد میں ڈائریکٹر جنرل آف پولیس ڈاکٹر جتیندر سے ملاقات کی اور کل ضلع وقارآباد میں کلکٹر پرتیک جین اور دیگر عہدیداروں پر پیش آئے حملے کے واقعات کی شکایت اور ضروری کاروائی پر زور دیا۔ وی لاچی ریڈی نے کہا کہ اس واقعہ سے تمام سرکاری ملازمین اور عہدیدار نفسیاتی طور پر صدمے میں ہیں اور ف انہوں نے سوال کیا کہ کلکٹر کے ساتھ اس طریقہ کا واقعہ پیش آیا تو دیگر محکموں کا کیا حال ہوگا۔ ڈی جی پی سے درخواست کی گئی کہ وہ ریاست کے تمام سپرنٹنڈنٹ آف پولیس کو ضروری ہدایات جاری کریں۔

## WORKSHOP

مرکزی وزیر تعلیم دھرمیندر پردھان نے آج کہا کہ تعلیم ہی سال دو ہزار سینتالیس تک ملک کو ترقیافتہ بنانے کے ہدف کو حاصل کرنے کا واحد اور موثر ذریعہ ہے۔نئی دہلی میں ریاستوں اور مرکز کے زیرانتظام علاقوں کے سکریٹریز کے ساتھ اعلی اور تیکنکی تعلیمی قومی ورک شاپ سے خطاب کرتے ہوئے وزیرموصوف نے زور دیا کہ تعلیم کے شعبے کے پانچ اہم شعبوں بشمول انفراسٹرکچر۔قیادت۔نصاب۔شعبہ تحقیق۔اور متحرک کیمپس کی زندگی پر توجہ دی جائے۔وزیرموصوف نے اس بات پر بھی زور دیا کہ ریاستوں میں قومی تعلیمی پالیسی 2020 کو نافذ کرنے کے لئے ضروری اقدامات کریں۔مرکزی وزیرمملکت برائے تعلیم سوکانتا مجمدار۔نے کہا کہ قومی تعلیمی پالیسی 2020 نہ صرف ایک پالیسی ہے بلکہ ہندوستان کو تعلیمی سطح پر سوپر پاور بنانے کا روڈ میاپ ہے۔

## CALL DROPPING

مرکزی وزارت مواصلات۔صارفین کو درپیش مسائل کال ڈراپنگ کے مسئلہ پر کام کررہی ہے۔ذرائع کے مطابق وزارت سال میں چار بار کے بجائے ہر ماہ سروس کے معیار کی نگرانی کو یقینی بنا رہا ہے۔ذرائع نے یہ بھی بتایا کہ حکومت ،لیٹنسی پیرامیٹرس کو بین الاقوامی معیار کے مطابق بنانے کی کوشش کررہی ہے۔جو کمپنیاں ان پیرامیٹرس کو ملحوظ نہیں رکھیں گی انہیں مالی تنقیص کا نشانہ بنایا جائے گا۔ٹیلی مارکٹنگ کالس کے مسائل سے نمٹنے کے لئے اور ٹیلی کام کے غلط استعمال کی حقیقی وقت پر معلومات کو ٹریک کرنے کے لئے ایک ڈیجیٹل انٹلیجنس یونٹ بھی تشکیل دیا گیا ہے۔

## YADADRI

یادادری ریلوے اسٹیشن جسے رائے گیر اسٹیشن بھی کہا جاتا ہے مرکزی حکومت کے ذریعہ ساڑھے چوبیس کروڑ روپئے مختص کرنے کے بعد امرت بھارت اسٹیشن اسکیم کے تحت عالمی معیار کے اسٹیشن میں بہت جلد ترقی پائے گا۔یادگیری گٹہ میں سری لکشمی نرسمہا سوامی واری دیواستھانم۔یادادری ریلوے اسٹیشن سے چھ کلومیٹر دور ہے۔مرکزی وزیر کوئلہ کشن ریڈی نے آج سوشیل میڈیا پر اپنے ٹویٹ میں کہا کہ مرکزی حکومت اس ریلوے اسٹیشن کو ترقی دے رہی ہے تاکہ مسافروں اور یہاں آنے والے عقیدت مندوں کو اعلی معیار سہولتیں حاصل ہو سکے۔

## POWER MEETING

ریاستیں اور مرکزی زیرانتظام پاور کی ایک اعلی سطح میٹنگ منعقد ہوئی۔مرکزی وزیر برائے بجلی منوہر لال کٹھر کی صدرات میں آج نئی دہلی میں محکمہ کے وزراء کی میٹنگ ہوئی۔

## ACCIDENT

آج دو خواتین کی موقع پر ہی موت واقع ہوگئی۔جبکہ ایک دیگر خاتون اس وقت شدید زخمی ہوگئیں جب شہر کے موضعافاتی علاقے رنگم پلی میں سڑک حادثہ پیش آیا۔اور سڑک پر چل رہی ان خواتین کو ایک کار نے روند ڈالا۔حادثے میں مرنے والوں کی شناخت امروتا۔اور بھاگم کے

طور پر ہوئی ہے۔زخمی خاتون کو علاج کے لئے سرکاری دواخانے میں شریک کیا گیا ہے۔

EKTA PARV

ملک کے مختلف حصوں سے کیندر رودیالیہ کے سینکڑوں طلبا جوش وخروش سے حیدرآباد کے کیندر رودیالیہ ترمل گیری میں منعقد ہونے والے راشٹریہ ایکتا پرو۔میں حصہ لے رہے ہیں۔مرکزی وزیر کوئلہ کشن ریڈی نے کل باضبط طور پر اس تین روزہ پروگرام کا آغاز کیا۔کیندرودیالیہ ٹکٹ۔راشٹریہ ایکتا پرو کے حصے کے طور پر کلا اتسو کی میزبانی کررہا ہے۔گیارہویں کلاس کے طلبا وشال۔اسنیکتا۔پرنووی۔ساکشی یادو۔اوراویکا ادیودی۔نے راشٹریہ ایکتا پرو کے بارے میں اظہار خیال کیا۔

DIRECT TAX

ملک میں براہ راست ٹیکس کی مجموعی وصولی 15.41 فیصد رہی۔اس مالی سال میں اب تک کی شرح نمو 12 لاکھ 10 ہزار کروڑ روپئے سے تجاویز کرگئی ہے۔سنٹرل بورڈ آف ڈائریکٹ ٹیکسس۔سی بی ڈی ٹی۔کے مطابق اس سال یکم اپریل سے دس نومبر تک دو لاکھ اکیانوے ہزار کروڑ روپئے حاصل کئے جاچکے ہیں۔جو پچھلے سال کی اسی مدت کے مقابلے میں 53 فیصد زیادہ ہے۔

PADYATRA

بھارت راشٹرا سمیتی کورٹلہ کے رکن اسمبلی ڈاکٹر سنجے کمار نے کسانوں سے کئے گئے وعدوں کو پورا نہ کرنے پر حکومت پر دباو بڑھانے کے لئے جگتیال ضلع میں پدیاترا کا آغاز یا۔یہ پدیاترا آج شہر کورٹلہ شروع کی گئی۔توقع ہے کہ سدی پیٹ کے ایم ایل اے اور سابق وزیر صحت ہریش راو چلگل میں اس پدیاترا میں شریک ہوں گے۔سنجے کمار نے الزام لگایا کہ حکومت کسانوں کے قرض معاف کرنے اور رعیتو بھروسہ کے علاوہ دھان کے کسانوں کو پانچ سو روپئے بونس دینے میں ناکام ہوچکی ہے۔رکن اسمبلی نے مزید کہا کہ نہ صرف کسان بلکہ سماج کے تمام طبقات کانگریس حکومت سے ناخوش ہیں۔بالاکونڈہ کے ایم ایل اے ویملا پرشانت ریڈی بھی پدیاترا میں شامل ہوئے۔انہوں نے دعوی کیا کہ کسانوں کے مسائل کو حل کرنے کے لئے ہی یہ یاترا شروع کی گئی ہے۔

NALGONDA

نلگنڈہ کے سپرنٹنڈنٹ آف پولیس چندر پوار نے میریال گوڑہ سب ڈویژن میں کئی رائس ملوں کے دھان کا معائنہ کیا۔دورے کے دوران انہوں نے مختلف امور پر کسانوں کے ساتھ بات چیت بھی کی۔اور خریداری کے عمل میں درپیش مسائل کے بارے میں جانکاری حاصل کی۔انہوں نے عہدیداروں کو ہدایت دی کہ کسانوں کسی قسم کی مشکلات کا سامنا کئے بغیر دھان کی خریداری میں سہولت فراہم کی جائے۔انہوں نے یہ بھی کہا کہ کسانوں کے ساتھ کسی بھی قسم کی دھوکہ دہی کرنے والوں کے خلاف سخت کاروائی کی جائے۔

NCRP

حیدرآباد میں نیشنل سائبر کرائم رپورٹینگ پورٹل۔این سی آر پی۔کے سائبر کرائم یونٹ کے ایک فوری اور موثر جواب کے نتیجے میں ایک متاثر کو-291726۔روپئے کی بازیابی کو یقینی بنایا جاسکا۔جو کہ بہت باریک بینی کے ساتھ کریڈیٹ کارڈ اسکام کا شکار ہوا تھا۔پولیس کی

طرف سے آج جاری کئے گئے بیان میں کہا گیا کہ متاثرہ شخص کو ایک شخص کی طرف کال موصول ہوا جو اپنے آپ کو ایچ ڈی ایف سی بینک کا نمائندہ ظاہر کرتے ہوئے کریڈیٹ کارڈ کے حد میں اضافے کی پیش کش کی تھی اور ذاتی معلومات کی تصدیق کے بہانے نجی معلومات حاصل کر کے دھوکہ کا شکار بنایا۔ اس شخص نے اسے واٹس ایپ پر۔ اے پی کے فائیل بھیج کر اسے ڈاون لوڈ کروایا۔ اور پھر اس متاثرہ شخص کے کریڈیٹ کارڈ سے تین لاکھ روپے کا غیر مجاز لین دین کیا۔ متاثرہ شخص نے فوری طور پر این سی آر پی ٹیم سے رجوع ہو کر شکایت کرائی۔ ٹیم کی فعال کوششوں کی وجہ سے لین دین کی گئی پوری رقم متاثرہ کے اکاونٹ میں بغیر کسی عدالتی حکومت کے واپس کی گئی۔ حیدرآباد کمشنر پولیس سی وی آنند نے اس یونٹ کے فوری نشاندہی کرنے اور رقم واپس دالونے پر سراہانہ کی ہے۔

NAARM

حیدرآباد کے راجندر نگر منڈل میں نارام کیمپس میں آج ہندوستان میں پائیدار زرعی ترقی و تعمیر پر قومی کانفرنس کا اختتام عمل میں آیا۔ کانفرنس میں دو سو سے زیادہ ایف ٹی اوز۔ کسانوں۔ اور ماہرین زراعت کے علاوہ سائنسدانوں۔ سرکاری حکام۔ بینکرس۔ ماہر تعلیم۔ نے شرکت کی۔ ممکنہ کاروباری مواقع کو فروغ دینے کے لئے نیٹ ورکنگ اور مصنوعات کے بارے میں معلومات فراہم کرنے اس اسٹارٹ اپ ایکو سسٹم کے کلیدی اسٹیک ہولڈرس کو پیش کش کی گئی ہے۔